17/03/2025
07.40 PM

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔
اب آپ شبیر الزماں سے خبریں سُنئے
پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

*........بھارت اورنیوزی لینڈ کے بیچ مختلف شعبوں میں اشتراک آگے بڑھانے کیلئے کئی معاہدوں پر دستخط

*........جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کا اجلاس خوش اسلوبی سے جاری // متعدد ارکان نے عوامی نوعیت کے معاملات کو اجا گرکرنے میں وزراءکی مداخلت طلب کی۔

*........نائب وزیراعلیٰ سریندر چودھری نے شہر سرینگر میں جاری ترقیاتی پروجیکٹوں کا لیا جائزہ ۔

اور

*........کپواڑہ کے خُرمو رجنگلات میں حفاظتی عملے کے ساتھ تصادم میں ایک ملی ٹینٹ ہلاک ۔

بھارت نیوزی لینڈ

بھارت اور نیوزی لینڈ نے دفاع، تعلیم ، کھیل کود، باغبانی اور جنگلات کے شعبوں میں اشتراک آگے بڑھانے کیلئے پانچ معاہدوں پر دستخط کئے ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلی میں نیوزی لینڈ کے اپنے ہم منصب کرسٹو فرلکسن کے ساتھ بات چیت کے دوران مختلف موضوعات کوزیر بحث لایا۔

ایک پریس بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ دونوں ملکوں نے فری ٹریڈ معاہدے پر گفتگو شروع کرنے کا بھی فیصلہ کیاہے ۔ اپنے بیان مینیوزی لینڈ کے وزیر اعظم نے کہاکہ وہ بھار ت کے ساتھ رشتوں کو نئی بلندیوں تک لے جانے کیلئے پر عزم ہے۔اس موقعے پر انہوننے کہا

............PM............

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ جمونکشمیر کو سرمایہ کاری کی ایک ترجیحی جگہ بنانے کیلئے یہاں کار خانہ داری کا ماحول قائم کیاگیاہے۔انہوننے کہاہے گذشتہ چند برسوں میں MSMEs ہزاروں یونٹوں نے اپنا کام کاج شروع کیا ہے جو کی ترقی کو ایک نئی بلندی پر لے جانے کیلئے پر عزم ہے۔

کنکلیو2025 میں اظہار خیال کر رہے تھے جہاں MSMEوہ آج انڈین چیمبر آف کامرس کے کے کاروباری ، بینکر اور دیگر ماہرین موجود تھے۔ MSME

ہماری اقتصادیات میں ایک اہم رول ادا کر رہی ہیں۔انہوننے کہاکہ MSMEs منوج سنہا نے کہا کہ جموں کشمیر کو انٹر پرنیور شپ کا ایک مرکز بنانے اور روز گار کے زیادہ سے زیادہ مواقعے پیدا کرنے کیلئے زبردست کوششیں جاری ہیں۔

جتندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کے ڈوڈہ ضلع میں پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کے موثر نتائج بر آمد ہو رہے ہیں۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر موصوف نے کہا کہ اس اسکیم کی بدولت ایک طرف صارفین کی بجلی بلونمیں کمی آرہی ہے اور دوسری طرف مقامی وینڈروں کیلئے روزگار کے مواقعے بھی پیدا ہو رہے ہیں۔

انتقال

سابق مرکزی وزیر ڈاکٹر Debendra پردھان آج نئی دلی میں انتقال کر گئے ۔ ان کی عمر 84برس تھی ۔وہ مرکزی وزیر دھر میندر پردھان کے والد تھے۔
وزیر اعظم نریندر مودی نے ان کے انتقال پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے آج نئی دلی میں ڈاکٹر پردھان کے گھر جا کر آنجہانی کو شردھانجلی پیش کی ۔
ادھر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ڈاکٹر Debendra پردھان کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت کی ہے۔

اسمبلی

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے آج اسمبلی میں حسنین مسعودی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ کھریو اور کھنموہ علاقونمیں ہوا کے معیار پر نذر گزر رکھنے اور اسے برقرار رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کئے جائیں گے۔
تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے مظفر اقبال خان کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ پی ایم پوشن ابھیان کے تحت کام کر رہے ہیلپروں کی اجرتوں میں اضافہ کرنے کا معاملہ پروجیکٹ اپرول بورڈ کی اگلی میٹنگ میں اٹھایا جائے گا۔ اس موقعے پر میر سیف اللہ ، معراج ملک اور بلونت سنگھ منکوٹیہ نے ضمنی سوالات ابھارے۔
سکینہ ایتو نے وزیر اعلیٰ کے بدلے سلمان ساگر کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ کھمبر اور چتر ہامہ علاقوں میںشاملات اراضی کی خرید و فروخت پرپابندی عائد ہے۔
انہوننے یود ویر سیٹھی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ پرانے جموں شہر کو ہیرٹیج شہر کا درجہ دینے کا کوئی منصوبہ نہیں ہے۔
وزیر موصوفہ نے ایوان بلدیو راج شرما اور ریاض احمد خان کی طرف سے پوچھے گئے سوالونکابھی موثر جواب دیا۔
سکینہ ایتو نے شمیمہ فردوس کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہاکہ جموں کشمیر میں مختلف پنشن اسکیمونکے تحت مستحقین کے حق میں وقت پر پنشن واگذر کرنے کویقینی بنایاجا رہا ہے۔
مبارک گل ، نذیر احمد گریزی ، تنویر صادق اور جاوید احمد مرچال نے ضمنات ابھارے۔
وزیر زراعت جاوید احمد ڈار نے شوکت حسین گنائی کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہاکہ شوپیان ضلع انتظامیہ کی طرف سے اسٹیٹ ڈیزاسٹر ریپانس فنڈ کے تحت اب تک 3ہزار145باغ مالکان میں 88لاکھ روپے کی امداد واگذار کی گئی۔
شبیر احمدکلے نے اس موقعے پرضمنی سوال پوچھا ۔

جل شکتی کے وزیر جاوید احمدرانا نے سریندر کمار کے سوال کا جواب دیتے ہوئے جانکاری دی کہ مڑھ حلقے مینجل جیون مشن کے تحت 61کروڑ روپے کی لاگت سے بیس واٹر سپلائی اسکیمیں دردست لی گئی ہیں۔
ترن گپتااور چندر پرکاش گنگا نے اس موقعے پر ضمنی سوال پوچھے۔

اسی دوران اسمبلی نے آج پورے دن چلنے والے بحث کے بعد مختلف محکموں کے مطالبات زر پاس کئے ۔

وقفہ صفر

دریں اثنا قانون ساز اسمبلی میں آج وقفہ صفر کے دوران کئی ارکان اسمبلی نے عوامی نوعیت کے مطالبات اجا گر کئے۔ان میں سلمان ساگر ، شمیمہ فردوس،احسان پردیسی ، مشتاق گورو ، تنویر صادق ، جاوید بیگ،ڈاکٹر بشیر احمد ویری ،ڈاکٹر دیویندر کمار مانیال ، وکرم رندھاوا ، شکتی پریہار ، وجے کمار او ر پون کمار گپتا شامل ہیں۔

بزنس شیڈول

جموں و کشمیر قانون اسمبلی نے آج ایوان کے بزنس شیڈول سے متعلق بزنس ایڈوائزری کمیٹی کی سفارشات کو اتفاق رائے سے پاس کیا۔اس ضمن میں مبارک گل نے تحریک پیش کی ، جسے ایوان نے زبانی ووٹ کے ذریعے پاس کیا۔

اس موقعے پر اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے پارٹی لیڈروں اور چیف وپس پرزور دیا کہ وہ ارکان کو ایوان میں مکمل نظم و ضبط اور ڈیکرم بر قرار رکھنے کی ہدایت دی۔

نائب وزیر اعلی

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے آج برزلہ میں  بون اینڈ جوائٹ اسپتال کا دورہ کرکے وہانجاری ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے ان پروجیکٹوں میں سرعت لانے کی ضرورت کو اجا گر کیا۔

انہوں نے کہاکہ موجودہ سرکار تمام علاقوں میںلوگوں کو جدید طرز کی طبی سہولیات دستیاب کرانے کی وعدہ بند ہے۔ نائب وزیراعلیٰ نے بعد میں شہر سرینگر میں دیگر پروجیکٹوں کا بھی معائینہ کیا۔

وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور کئی دیگر اہم شخصیات بھی ان کے ہمراہ تھیں۔بعدمیں ذرائع ابلاغ کے ساتھ بات کرتے ہوئے نائب وزیر اعلیٰ نے کہا۔

V/o---Dy.CM

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پر بھی سماعت کر سکتے ہیں-DTH اور AIR خبرنآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

............(PM)....Byte...........

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس تعلق سے جب ہم نے کشمیر یونیورسٹی میں شعبہ کشمیری کے سابق سربراہ اور شاعر پروفیسر مجروح رشید کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا

---(Majrooh Rashid)--V/O-----

رمضان

فیوض و برکات سے مالا مال رمضان المبارک کے عشرہ مغفرت کا آج چھٹا دن ہے۔روزوں کے تعلق سے خانقاہوں ، مساجد ، زیارت گاہوں اور بقہ جات مینخصوصی دینی مجالس کا انعقاد جاری ہے ۔
کل یعنی 17ماہ صیام کوام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضیہ اللہ تعالی عنہا کایوم وصال بھی ہے۔حضرت عائشہ ؓپاکیزگی اور شرم و حیاءکی پیکر تھیں، اور وہ قیامت تک پورے عالم انسانیت کیلئے شرم و حیاءکی ایک عظیم مثال ہیں۔
اس تعلق سے ایک عالمہ مریم عابدہ نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔
.......V/O...(Maryam Abida)....

IIIM
وزارت کے اشتراک سے سات روزہ MSME انڈین انسٹی آف انٹیگریٹو میڈیسن سرینگر میں ایڈوانسڈ انٹر پرنیور شپ سکل ڈیولپمنٹ پروگرام شد و مد سے جاری ہے ۔ اس تربیتی پروگرام کا بنیادی مقصد نوجوانوں کومختلف شعبوں کے ہنروں سے روشناس کرانا ہے، تاکہ وہ آسانی کے ساتھ اپنا روز گار حاصل کر سکیں۔
سرینگر کے ڈائریکٹر ڈاکٹر زبیر احمد نے اپنے IIIM تربیتی پروگرام کی اہمیت کے حوالے سے تاثرات کا یوں اظہار کیا ۔
V/o ........Dr. Zabeer

جھڑپ
کپواڑہ ضلع کے خُرمورجنگلات میں جموں و کشمیر پولیس اور فوج نے ایک مشترکہ کارروائی کے دوران ایک ملی ٹینٹ کو ہلاک کر دیا ہے۔
فوج کے چنار کور نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جانکاری دیتے ہوئے کہاکہ ملی ٹینٹوں کی موجودگی کی مصدقہ اطلاع ملنے کے بعد حفاظتی عملے نے علاقے میں تلاشی کارروائی شروع کی جس دوران وہاں موجود ملی ٹینٹوں نے حفاظتی عملے پر گولیاں چلائیں ۔ جوابی کارروائی میں ایک ملی ٹینٹ مارا گیا۔

ادھرحفاظتی عملے نے آج کولگام ضلع کے کیموہ علاقے مینایک بارودی سرنگ کو بر آمد کرکے اسے بعد میں تباہ کر دیا

چیف جسٹس
جمونکشمیر اور لداخ ہائیکورٹ کے چیف جسٹس ، جسٹس تاشی ربستان نے آج ایڈیشنل جج صاحبان جسٹس وسیم صادق نرگال ، جسٹس راجیش سیکھری اورجسٹس محمد یوسف وانی کو جموں کشمیر اور لداخ ہائیکورٹ کے ججوں کی حیثیت سے حلف دلایا ۔
اس موقعے پر کئی جج صاحبان کے علاوہ عدلیہ سے جڑی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

ناصر اسلم

وزیر اعلیٰ کے مشیرناصر اسلم وانی نے آج ڈویژنل کمشنر کشمیر اور دیگر حکام کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران ہوکر سر آبی پناہ گاہ میں پانی کی بڑھتی ہوئی سطح سے کسانوں کو در پیش مسائل کا جائزہ لیا ۔
انہوننے کسانوں کو یقین دلایا کہ حکومت اس پناہ گاہ کے ماحولیاتی توازن کو برقرا ررکھتے ہوئے ان کے مسائل حل کرنے کیلئے اقدامات کرے گی۔

این سی
نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے نوجوان پود کو اخلاقی تعلیم سے آراستہ کرنے نیز منشیات جیسے بدعا ت پر روک لگانے کیلئے منظم کوششیں کرنے کی ضرور ت پر زور دیاہے ۔ ایک پریس بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ ماضی کی طرح تمام اسکولوں میں اخلاقی تعلیم کونصاب میں شامل کیا جانا چاہئے ۔
دریں اثناپارٹی کے معاون جنرل سیکریٹری ڈاکٹر شیخ مصطفی کمال نے انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ نو روز عالم کی تقریب کے پیش نظر لوگوں کیلئے ہر طرح کی بنیادی سہولیات دستیاب رکھیں۔

ست شرما
جموں کشمیرکے صدر ست شرما نے نیشنل کانفرنس کی سربراہی والی حکومت پر الزام BJP لگایاہے کہ وہ جموں کشمیر دیو یانگ ٹیلنٹ کو نظر انداز کر رہی ہے۔
ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ جہانگیر نامی ایک دیو یانگ بچے نے اسپیشل اولمپکس ورلڈ ونٹر گیمز 2025میں جمونکشمیر کیلئے دو میڈل حاصل کئے تاہم حکومت اس ٹیلنٹ کو اجاگر کرنے میں نا کام رہی۔
صوبائی کمشنر
ڈویژنل کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے آج ایک میٹنگ کے دوران ایشیا ءکے سب سے بڑے ٹولپ گارڈن کو عوام کیلئے کھولے جانے سے جڑے امور کا جائزہ لیا۔
اس موقعے پربتایا گیا کہ رواں مہینے کے آخر تک اس بات کو کھولا جائے گا اور اس سال اس باغ میں ساڑھے 17لاکھ ٹولپ کھلیں گے۔

پولیس
پولیس نے آج راولپورہ سے نادر گنڈ پیر باغ کے عاقب فاروق بٹ نامی ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا۔ اس کے قبضے سے کچھ نشیلی شئے برآمد کی گئی ہے۔
ڈگری کالج بڈگام میں آج نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت ایک بحث و مباحثے کا انعقادکیا گیا۔
اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں آج نئے فوجداری قوانین سے متعلق ایک بیداری سمینار کا انعقاد کیاگیا۔

ریلوے
لوک سبھا میں آج ریلوے وزارت کے مطالبات زر پر بحث شروع ہوئی اور کئی ارکان نے بحث میں حصہ لیا اور بجٹ کے تعلق سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

راجیہ سبھا
اور دیگر ارکان نے مختلف RJD، ترنمول کانگریس،DMKادھر راجیہ سبھا میںآج کانگریس ، معاملات کو لیکر نعرہ بازی کرتے ہوئے واک آؤٹ کیا۔
اس سے پہلے جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو ڈپٹی چیرمین ہری ونش نے حزب اختلاف کے ارکان کی طرف سے مختلف معاملات پر پیش کی گئی تحاریک التواءکو نا منظور کر دیا۔

موسم
محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیرمیں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور خشک رہنے کا امکان ہے۔
سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 16.6ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 3.8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔
جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 27ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت11.9ڈگری سیلسیس تھا۔
سرینگر میں کل اختتام سحری5بجکر15منٹ پر جبکہ افطاری کا وقت6بجکر43منٹ پر ہو گا۔
اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔
خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے
کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔
ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ